نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کپاس کی موجودہ صورتحال بارے اجلاس کا انعقاد

کپاس کی پیداوار کا ہدف سے زائد حصول یقینی بنانے کیلئے تمام ممکنہ وسائل وذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔افتخار علی سہو

لاہور: **20** جون **2026**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرصدارت زراعت ہاؤس لاہور میں کپاس کی موجودہ صورتحال بارے اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید اور نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران شریک ہوئے جبکہ ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل ریسرچ، پیسٹ وارننگ اور ڈائریکٹرز زراعت (توسیع) بہاولپور، ملتان اور ڈی جی خان ڈویژنز نے آن لائن شرکت کی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ فیلڈ رپورٹس کے مطابق پنجاب میں کپاس کی موجودہ صورتحال شاندار ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ پانی کی ضرورت کے مطابق دستیابی کیلئے محکمہ آبپاشی سے روابط مضبوط کئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ کپاس کی مینجمنٹ بارے رہنمائی کیلئے فیلڈ فارمیشنز بہترین پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور علاقے و کپاس کے مراحل کے مطابق ایڈوائزری جاری کی جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید ہدایت کی کہ مارکیٹوں میں کھادوں کی مقرر کردہ قیمتوں پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ کی جائے۔انہوں نے کہا کہ زرعی زہروں میں ملاوٹ کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں کی جائیں۔افتخار علی سہو نے کہا کہ کپاس کی پیداوار کا ہدف سے زائد حصول یقینی بنانے کیلئے تمام ممکنہ وسائل وذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔